سُرخاب

# صوتی اُردو

- شروع اور آخر کی آواز کی سرگرمیاں
- بنیادی الفاظ سازی




بنیاد اوّل

۴ سال کے لیے

# بوجھو تو جانیں

تاریخ:

آ



ہدایات برائے اساتذہ: "بوجھو تو جانیں" کی سرگرمی کروائیں۔ "آ" کی شروع کی آواز کی تصاویر تلاش کروائیں۔

ذخیرہ الفاظ: آم، آڑو، آگ، آئینہ، آنکھ، آلو، آلوچہ

# بوجھو تو جانیں

تاریخ:




ہدایات برائے اساتذہ: 'بوجھو تو جانیں' کی سرگرمیاں کروائیں۔ ابتدا میں "جـ" کی شروع کی آواز کی تصاویر تلاش کروائیں اور بعد میں "ج" کی آخر کی آواز کی تصاویر تلاش کروائیں۔

ذخیرہ الفاظ: شروع کی آواز: جامن، جہاز، جالا، جنگل، جیکٹ، جوتے آخر کی آواز: سورج، تاج

# بوجھو تو جانیں

تاریخ:

ز




**ہدایات برائے اساتذہ:** ''بوجھو تو جانیں'' کی سرگرمیاں کروائیں۔ '' ز '' کی شروع کی آواز کی تصاویر تلاش کروائیں۔

**ذخیرہ الفاظ:** **شروع کی آواز:** زیتون، زبان، زرافہ، زیبرا، زیور، زیبرا کراسنگ، زنجیر

# پڑھیے، ملائیے اور لکھیے

تاریخ:

د ڈ ر ڑ ز

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| د | ا | ← | دا | دا |
| ڈ | ا | ← | ڈا | ڈا |
| ر | ا | ← | را | را |
| ڑ | ا | ← | ڑا | ڑا |
| ز | ا | ← | زا | زا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دا | دا | ← | دادا | دادا |
| دا | را | ← | دارا | دارا |
| دا | تا | ← | داتا | داتا |
| آ | را | ← | آرا | آرا |
| با | ڑا | ← | باڑا | باڑا |
| زا | را | ← | زارا | زارا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دا | د | ← | داد | داد |
| را | ز | ← | راز | راز |
| چا | ر | ← | چار | چار |
| با | ڑ | ← | باڑ | باڑ |

ہدایات : ۱۔حروف کو شروع کی آواز کے ساتھ دہرائیں۔ ۲۔دو حرفی ارکان بنوائیں۔ ۳۔چار حرفی الفاظ بنوائیں۔ ۴۔تین حرفی الفاظ بنوائیں۔
۵۔آخر میں نقطہ دار حروف پر پینسل پھروائیں۔

# ملایئے اور پڑھیے

تاریخ:

و



جوڑو



سوچو



بولو

ج + و ← جو

| | | |
|---|---|---|
| ب و | ← | بو |
| پ و | ← | پو |
| ت و | ← | تو |
| ٹ و | ← | ٹو |

| | | |
|---|---|---|
| ج و | ← | جو |
| چ و | ← | چو |
| ح و | ← | حو |
| خ و | ← | خو |

| | | |
|---|---|---|
| د و | ← | دو |
| ڈ و | ← | ڈو |
| ر و | ← | رو |
| ڑ و | ← | ڑو |
| ز و | ← | زو |

ہدایات: ا۔'وٗ' کو آخری آواز کے طور پر پڑھائیں۔ ۲۔دو حرفی ارکان بنوائیں۔ ارکان کو با آواز بلند پڑھوائیں۔

## ملایئے اور پڑھیے

تاریخ:

س ش ع غ

| | | | |
|---|---|---|---|
| با | غ | ← باغ | باغ |
| دا | غ | ← داغ | داغ |
| جو | ش | ← جوش | جوش |
| را | س | ← راس | راس |
| تو | س | ← توس | توس |
| با | ع | ← باع | باع |

## ملایئے اور پڑھیے

| | | |
|---|---|---|
| چا | پ | |
| شا | س | |
| سا | خ | شاخ |
| تو | دا | |
| آ | ٹ | |

| | | |
|---|---|---|
| ڈ | چا | |
| با | ر | |
| تا | ور | |
| سو | ج | |
| شو | غ | باغ |

ہدایات: ۱۔حروف کی بڑی شکل کی آخر کی آواز دہرائیں۔ ۲۔تین حرفی الفاظ بنوائیں، الفاظ کو با آواز بلند پڑھوائیں۔ ۳۔نقطہ دار الفاظ پر پینسل پھروائیں۔ ۴۔بچوں سے الفاظ بنوانے کی سرگرمی کروائیں۔

ذخیرہ الفاظ: چاٹ، شاخ، سادا، توس، آپ | ڈور، باغ، تاج، سوچا، شور

# ملایئے اور لفظ پڑھیے

تاریخ:

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چا | بی | چابی | دا | دی | دادی | با | غی | باغی |
| جا | تی | جاتی | سا | دی | سادی | چا | غی | چاغی |
| با | جی | باجی | شا | دی | شادی | ٹو | پی | ٹوپی |
| چا | چی | چاچی | بو | ری | بوری | بو | ٹی | بوٹی |
| حا | جی | حاجی | ڈو | ری | ڈوری | پو | تی | پوتی |
| با | سی | باسی | چو | ری | چوری | رو | ٹی | روٹی |

## لفظ بنائیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شو | ر | شور | چا | ٹ | چاٹ | تا | ج | تاج |
| را | نی | رانی | رو | کو | روکو | سا | ت | سات |
| را | جا | راجا | سو | چو | سوچو | ٹو | پی | ٹوپی |
| چا | را | چارا | گو | را | گورا | تو | ڑو | توڑو |

ہدایات: 'ی' کے تین اور چار حرفی الفاظ بنوائیں۔ الفاظ کو با آواز بلند پڑھوائیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کا | کو | کی | کے | چاٹا | چاٹو | چاٹی | چاٹے |
| بولا | بولو | بولی | بولے | روکا | روکو | روکی | روکے |
| ڈالا | ڈالو | ڈالی | ڈالے | کاٹا | کاٹو | کاٹی | کاٹے |
| جاگا | جاگو | جاگی | جاگے | مارا | مارو | ماری | مارے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پوتا | پوتی | پوتے | سارا | ساری | سارے |
| سادا | سادی | سادے | گورا | گوری | گورے |
| کالا | کالی | کالے | تالا | تالی | تالے |
| گولا | گولی | گولے | موٹا | موٹی | موٹے |
| گا | گی | گے | ہوتا | ہوتی | ہوتے |
| آتا | آتی | آتے | مالا | مالی | مالے |

ہدایات: مختلف الفاظ مصوتوں کی تبدیلی کے ساتھ با آواز بلند پڑھوائیں۔

# طریقہ تدریس

## صوتی اُردو بنیاد اوّل

صوتی اُردو بنیاد اوّل میں حروف کی شروع اور آخر کی آواز کی سرگرمیوں کے ساتھ بنیادی الفاظ سازی بھی ہے۔اس کتاب میں حروف ''بوجھو تو جانیں'' کی سرگرمی سے پڑھائے جائیں گے۔سرگرمیاں صرف اُن حروف کی ہیں جن سے زیادہ الفاظ بنتے ہیں جو یہ ہیں: آ، ب، پ، ت، ٹ، ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ر، ز، س، ش، ع، غ، ف، ق، ک،گ، ل، م، ن، ہ۔ کچھ حروف ایسے ہیں جن کو ہم آواز ہونے کی وجہ سے بچے صحیح طور پر سمجھ نہیں پاتے، اور ان سے بننے والے الفاظ بھی بہت کم ہیں جس سے سرگرمی بنانا ناممکن ہے۔ان حروف کی سرگرمیاں موجود نہیں ہیں وہ یہ ہیں: ث، ذ، ڑ، ژ، ص، ض، ط، ظ۔اس کے علاوہ مصوتوں (ا، و، ی، ے) کو علیحدہ سے آخر کی آواز کے طور پر پڑھایا گیا ہے اور مصوتوں کی مدد سے دو تین اور چار حرفی الفاظ بنانا سکھائے گئے ہیں۔یاد رہے اس کتاب کی سرگرمیوں سے پہلے سرخاب بصری اُردو کا متعلقہ صفحہ لازماً پڑھوائیں۔

### ''بوجھو تو جانیں'' کی سرگرمی

۱۔سب سے پہلے بچوں کو اپنے قریب دائرہ میں بٹھائیں۔

۲۔بچوں کو اپنی طرف متوجہ کریں اور کہیں ''آج میں آپ سے ایک پہیلی پوچھوں گی جس میں آپ نے چیزوں کے نام بتانے ہیں۔''

۳۔کتاب کو بائیں ہاتھ میں تھامیں جو صفحہ پڑھانا ہے وہ بچوں کو دکھائیں۔

۴۔بچوں کو حرف کی چھوٹی شکل دکھائیں اور اُس کی آواز بتائیں جیسے یہ بـ (آواز) ہے۔پھر اس کو تین بار دہرائیں۔

۵۔جماعت میں موجود کسی ایک بچہ کا نام لے کر پوچھیں اور ''بوجھو تو جانیں'' کی سرگرمی کے اشعار یوں پڑھیں۔

بوجھو تو جانیں — ہم تم کو مانیں
اس صفحے پر ہے — اک چیز ایسی
جس کی شروع کی آواز — ہے ب جیسی

۶۔وہ بچہ اپنی مرضی سے کسی بھی ایک چیز کا نام بتائے گا صحیح جواب پر اُس کی حوصلہ افزائی کریں۔شاباشی دیں۔غلط جواب پر وہی سوال کسی اور بچہ سے پوچھیں جو صحیح جواب دے اس کے جواب کو تین بار دہرائیں۔اب جس بچہ نے غلط جواب دیا تھا اُس سے دوبارہ سوال پوچھیں۔یوں بچے کی غیر محسوس طریقے سے اصلاح ہو جائے گی۔اسی طرح سارے بچوں سے ان کا نام لے کر سوال پوچھیں۔

۷۔اب ہر لفظ کو حرف کی شروع کی آواز کے ساتھ بتایئے۔ بـ بلی، بـ بندر، بـ بس، بـ بادل، بـ بلاّ

۸۔بچوں کو حرف کی بڑی شکل دکھائیں اور اُس کی آواز بتائیں۔جیسے یہ ب (آواز) ہے۔پھر اس کو تین بار دہرائیں۔

۹۔حرف کی بڑی شکل اور اُس کی آواز کے لئے ''بوجھو تو جانیں'' کی سرگرمی کا پانچواں اور چھٹا مرحلہ دہرائیں۔''بوجھو تو جانیں'' کے اشعار معمولی فرق کے ساتھ یوں پڑھیں:

بوجھو تو جانیں — ہم تم کو مانیں
اس صفحے پر ہے — اک چیز ایسی
جس کی آخر کی آواز — ہے ب جیسی

۱۰۔اب ہر لفظ کو حرف کی آخری آواز کے ساتھ بتائیں۔ کتاب ب، سیب ب

۱۱۔آخر میں کتاب کے علاوہ کمرہ جماعت میں موجود کھلونوں اور تصاویر یا باغ میں موجود اشیاء میں سے الفاظ تلاش کروائیں۔

نوٹ: تمام حروف اسی طرح پڑھائیں۔

### دو حرفی ارکان بنانے کی سرگرمی

۱۔بچوں کو اپنی طرف متوجہ کیجئے اور تختہ سیاہ پر تھوڑے فاصلے پر دو خانے بنایئے اور پہلے خانے میں 'ب' لکھیے دوسرے میں 'ا' لکھیے۔

۲۔پھر ان دونوں حروف کو جوڑیئے اور جلدی جلدی پڑھایئے جیسے: با

۳۔تختہ سیاہ سے سرگرمی مٹا کر بچوں کو کتاب کے صفحے پر لایئے اور دو حرفی ارکان بنانا دوبارہ سکھایئے۔

۴۔نقطہ دار ارکان پر پینسل پھروایئے۔(تمام دو حرفی ارکان اسی طرح پڑھائے جائیں گے، فلیش کارڈز کی مدد سے یہ سکھانا بہت آسان ہے۔)

### چار حرفی الفاظ بنانے کی سرگرمی

۱۔بچوں کو اپنی طرف متوجہ کیجئے اور تختہ سیاہ پر تھوڑے فاصلے پر دو خانے بنایئے اور دونوں میں با، با لکھیے۔

۲۔بچوں کو الگ الگ دونوں ارکان پڑھایئے۔

۳۔پھر ان دونوں ارکان کو جوڑیئے اور جلدی جلدی پڑھایئے، جیسے: بابا۔

۴۔تختہ سیاہ سے سرگرمی مٹا کر بچوں کو کتاب کے صفحے پر لایئے اور چار حرفی الفاظ بنانا دوبارہ سکھایئے۔

۵۔باری باری صفحے پر دیے گئے سارے چار حرفی الفاظ اسی طرح سکھایئے۔

۶۔آخر میں نقطہ دار الفاظ پر پینسل پھروایئے۔(تمام چار حرفی الفاظ اسی طرح پڑھائے جائیں گے، فلیش کارڈز کی مدد سے یہ سکھانا بہت آسان ہے۔)

### تین حرفی الفاظ بنانے کی سرگرمی

۱۔بچوں کو اپنی طرف متوجہ کیجئے اور تختہ سیاہ پر تھوڑے فاصلے پر دو خانے بنایئے اور پہلے خانے میں 'با' لکھیے دوسرے میں 'ب' لکھیے۔

۲، پھر دونوں کو جوڑیئے اور جلدی جلدی پڑھایئے، جیسے: باب

۴۔تختہ سیاہ سے سرگرمی مٹا کر بچوں کو کتاب کے صفحے پر لایئے اور تین حرفی الفاظ بنانا دوبارہ سکھایئے۔

۵۔باری باری صفحے پر دیے گئے سارے تین حرفی الفاظ اسی طرح سکھایئے۔

۶۔آخر میں نقطہ دار الفاظ پر پینسل پھروایئے۔(تمام تین حرفی الفاظ اسی طرح پڑھائے جائیں گے، فلیش کارڈز کی مدد سے یہ سکھانا بہت آسان ہے۔)

### ارکان ملا کر الفاظ بنوانے کی سرگرمی

۱۔بچوں کو اپنی طرف متوجہ کیجئے اور انہیں متعلقہ صفحے پر دیے گئے ارکان کا تعارف کروائیں۔

۲۔سب سے پہلے رکن کو سامنے کی لائن کے ارکان سے اوپر سے نیچے ملوائیں اور جہاں بامعنی لفظ بن جائے وہاں با آواز بلند لفظ پڑھوائیں اور پینسل کے ذریعے سے ملوائیں۔

(اسی طرح سارے الفاظ بنوائیں)

سُرخاب

# صوتی اُردو

صوتی 'صوت' سے اخذ کیا گیا ہے۔ 'صوت' کے معنی آواز کے ہیں۔ صوتی اُردو حروف کی آوازوں کے تعارف اور ان سے بننے والے الفاظ کی سرگرمیوں کی کتاب ہے۔ صوتی اُردو صوتیات (Phonics) کے طریقہ تدریس پر مبنی ہے۔ دنیا کی تقریباً نصف آبادی عربی، انگریزی اور اُردو زبان بولتی ہے۔ تحقیق سے ثابت ہے کہ ان زبانوں کو سکھانے کا بہترین طریقہ صوتیات ہے۔ صوتیات کے ذریعے سے بچہ الفاظ سازی تیزی سے سیکھتا ہے اور تلفظ بہتر بناتا ہے۔ بہتر تلفظ موثر تفہیم کا باعث بنتا ہے۔

صوتی اُردو کی تین کتابیں ہیں: صوتی اُردو ابتدائی میں حروف کی شروع کی آوازوں کی سرگرمیاں ہیں۔ صوتی اُردو بنیاد اوّل میں حروف کی شروع اور آخر کی آوازوں کی سرگرمیوں کے ساتھ بنیادی الفاظ سازی ہے۔ صوتی اُردو بنیاد دوم میں دو، تین اور چار حرفی الفاظ سازی کے ساتھ بھاری آوازوں اور 'ء' کا استعمال سکھایا گیا ہے۔ ان کتابوں کے ساتھ حروف کے تعارف اور ذخیرہ الفاظ کے لیے 'بصری اردو' اور لکھائی کی مشق کے لیے 'قلمی اردو' کی کتب پڑھائی جاتی ہیں۔

سُرخاب بصری اُردو

سُرخاب قلمی اُردو

سُرخاب صوتی اُردو

طفلی